جناب طارق معین الدین خان

چیئرمین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز

او بی ایس گروپ کے چیئرمین جناب طارق معین الدین خان صحت کی دیکھ بھال سے متعلق 31 سال سے زیادہ وسیع تجربے کے حامل ہیں۔ ان کی نگرانی میں ، او بی ایس پاکستان میں کام کرنے کی خواہش مند ملٹی نیشنل فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے لیے ایک پسندیدہ شراکت دار کی حیثیت سے ابھر کر سامنے آیا ہے ۔

وہ کراچی میں نیدرلینڈز کے اعزازی قونصل جنرل ،پاکستان چیپٹر کے لیے ورلڈ فیڈریشن آف کونسلز، برسلز کے جنرل سکریٹری ، دونوں ممالک کے مابین تجارت کو فروغ دینے کے لیے پاکستان سری لنکا بزنس فورم کے سابق صدر اور اے ایس پی این انسٹیٹیوٹ (یو ایس اے) کے ممبر ہیں۔

کینیڈا میں معروف کمپنیوں اور بعدازانسعودی شاہی خاندان کے ساتھ کامیاب کیریئر کے بعد ، انہوں نے 2000 میں آرگانون (Organon)فارما بی وی (او بی ایس) (جو اب مرک اینڈ کمپنی انکارپوریشن امریکہ کا حصہ ہے) میں شمولیت اختیار کی۔ بعد میں ، وہ سعودی عرب میں مقیم رہے اورسعودی عرب اور پاکستان کے لیے بحیثیت ڈائریکٹر ، آرگانون فارما بی وی (او بی ایس)خدمات انجام دیتے رہے۔

2006میں ، انہوں نے آرگانون فارما بی وی (او بی ایس) کی انتظامی خریداری کی جس کے بعد مرک شارپ اینڈ ڈوہمے)(Dohme)ایم ایس ڈی) پاکستان کے کاروبار ، شیرینگ پلوہ (Schering Plough)پاکستان کے کاروبار ، ایم ایس ڈی سری لنکا آپریشنز ، اے جی پی پرائیویٹ لمیٹڈ اور جانسن اور جانسن کی فارماسیوٹیکل ڈویژن ، جانسن فارما کے پاکستان آپریشنز کی خریداری کی ۔

وہ مونٹریال کینیڈا کی کونکورڈیا یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہے اور مکگل یونیورسٹی سے پبلک اکاؤنٹنسی (جی ڈی پی اے) میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کے حامل ہیں۔ وہ اونٹاریو کینیڈا سے سرٹیفائیڈمنیجمنٹ اکاؤنٹنٹ اور کیلیفورنیا ، امریکا سے سرٹیفائیڈ پبلک اکاؤنٹنٹ بھی ہیں۔

جناب نوید عابد خان

چیئرمین - ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی

نوید عابد خان بینکاری کے 28سال پر محیط وسیع بنیاد تجربے سمیت کام کا31 سالہ تجربہ اپنے ساتھ لائے ہیں۔ وہ اس وقت شرمین خان میموریل فاؤنڈیشن کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹیواورپاکستان مائیکرو فنانس انویسٹمنٹ کمپنی کے چیئرمین کی ؤحیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس ، دبئی اسلامک بینک ، این آر ایس پی مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ ، سیف پاور ، بورڈ آف انویسٹمنٹ ، گلیات ڈویلپمنٹ اتھارٹی ، نعمت کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ ، بحریہ فاؤنڈیشن اور گیس اینڈ آئل کمپنی پاکستان کے بورڈ ممبر بھی ہیں۔

اپنے کیریئر کے دوران ، انہوں نے فیصل بینک لمیٹڈ ، اے بی این ایمرو بینک پاکستان لمیٹڈ کے صدر اور چیف ایگزیکٹیو آفیسر، اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ، پاکستان بینکس ایسوسی ایشن ، فیصل ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ ،انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان کے اکیڈمک بورڈ آف انسٹیٹیوٹ کے چیئرمین، روٹری کلب آف کراچی میٹرو پولیٹن کے صدر ، انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان کے نائب صدر اور انسٹیٹیوٹ آف بینکرزکونسل کے ممبر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے بینک آف امریکا ، پاکستان مینبھی سینئرکلیدی عہدوں پر خدمات انجام دیں۔

انہوں نے ریاستہائے متحدہ امریکا کی انڈیانا یونیورسٹی سے بیچلر آف سائنس ڈگری اور امریکاکی بٹلر یونیورسٹی سے ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن کی ڈگری حاصل کی۔

جناب ظفر اقبال صوبانی

چیئرمین ۔آڈٹ کمیٹی

جناب ظفر اقبال صوبانی پاکستان اور مشرق وسطیٰ میں مینوفیکچرنگ ، بجلی کے شعبے ، اور آڈٹ کے پیشہ میں چالیس سال کا تجربہ اپنے ساتھ لائے ہیں۔ فی الحال ، وہ نجکاری کمیشن ، زیفائر (Zephyr)پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، ٹی آر جی (پاکستان) لمیٹڈ ، پرائمس لیزنگ لمیٹڈ ، آئی ٹی مائنڈز ، اور فوجی سیمنٹ لمیٹڈ کے بورڈ کا حصہ ہیں۔

اپنے کیریئر کے دوران ، انہوں نے ہاؤس آف حبیب کے ساتھ نیو پروجیکٹ ڈویلپمنٹ اور رئیل ایسٹیٹ مینجمنٹ کے شعبوں میں کام کیا ہے۔ وہ حبکو پاکستان کے سی ای او اور لبرٹی پاور ٹیک کے سی ای او کی حیثیت سے ملک کے بجلی کے شعبے کی بھی قیادت کرچکے ہیں۔ ان کے کیریئر کا بیشتر حصہ سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کے ساتھ، جو لیکسن گروپ کا ایک حصہ ہے مختلف کاروباری سرگرمیوں کی نگرانی کرتے گزرا ہے۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) کے صدر رہ چکے ہیں اور مختلف حیثیتوں میں کونسل اورریجنل کمیٹیز میں فعال طور پر خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان میں اے ایف فرگوسن (پی ڈبلیو سی) اورمملکت سعودی عرب کی ارنسٹ اینڈ ینگ کے ساتھ کام کیا۔وہ آڈیٹنگ پیشہ کے معیار کی نگرانیکے لیےنو سال آئی سی اے پی کے کوالٹی کنٹرول بورڈ کے چیئرمین اور اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی منیجنگ کمیٹی کے ممبر کے عہدے پر فائز رہے۔ وہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گوورننس کے اسپانسر ڈائریکٹر ہیں اور آئی ایف سی کی طرف سے کارپوریٹ گورننس کے ٹرینرکی حیثیت سے سرٹیفیکیشن رکھتے ہیں۔

اس نے اسی کی دہائی کے اوائل میں چارٹرڈ اکاؤنٹینسی اور کاسٹ اینڈ منیجمنٹ اکاؤنٹینسی کی قابلیت حاصل کی۔

جناب کامران نشاط

نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

جناب کامران نشاط اس وقت مُلر اینڈ فپس (Muller & Phipps)پاکستان (نجی) لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں۔

وہ ایم اینڈ پی ایکسپریس لاجسٹک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، ایم اینڈ پی لاجسٹک (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، لوجیکس (Logex)پرائیویٹ) لمیٹڈ ، ٹیک صراط (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، ویری بیسٹ (Veribest)برانڈز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، اور ٹیک صراط ٹیکنالوجی(پرائیویٹ) لمیٹڈ میں چیف ایگزیکٹیو آفیسر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

وہ مختلف شعبوں میں35 سال سے زیادہ عرصے کا بھرپور پیشہ ور تجربہ رکھتے ہیں۔

وہ داؤد ہرکولیس کارپوریشن لمیٹڈ اور سیان (Cyan)لمیٹڈ کے بورڈز میں بطور آزاد ڈائریکٹر خدمات انجام دے رہے ہیں۔
وہ برائیوجین (Briogene) پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ مینبھی ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

وہ اس وقت امریکن بزنس کونسل میں ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر اور فنانس اینڈ ٹیکسیشن سب کمیٹی کے چیئرمین ہیں۔ وہ ماضی مینامریکن بزنس کونسل کے صدر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ حال ہی میں ، وہ بطور ممبرایڈوائزری کونسل نیشنل اسکلز یونیورسٹی اسلام آباد میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

ماضی میں ، انہوں نے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) ،کی اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ اسٹینڈرڈز کمیٹی (ساؤتھ)، آئی سی اے پی کی انفارمیشن ٹیکنالوجی کمیٹی (ساؤتھ) اور مینجمنٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

وہ ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور آئی سی اے پی کے فیلو ممبر ہیں۔

محترمہ نصرت منشی

منیجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹیو آفیسر

محترمہ نصرت منشی بینکنگ اور دواسازی کے شعبے میں 30 سال سے زیادہ کے وسیع بنیاد تجربے کی حامل ہیں۔ وہ اے جی پی لمیٹڈ کی منیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او ہیں اور او بی ایس ہیلتھ کیئر (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، اسپین فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور او بی ایس گرین (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ انہوں نے جون 2007 میں اے جی پی لمیٹڈ میں شمولیت اختیار کی اور 2009 میں منیجنگ ڈائریکٹر کی حیثیت سے ترقی سے قبل فنانس ، انفارمیشن سسٹمز اور ایچ آر کی ڈائریکٹرکی حیثیت سے کام کیا۔ انہوں نے 2014 میں ملکیت میں تبدیلی کے اہم عمل کے دوران کمپنی کو کامیابی سے ہمکنار کیا جس کے بعد یہ کمپنی طویل مدتی نصب العین کے ساتھ زیادہ مضبوطی سے ابھری ہے۔

انہوں نے بینکاری کی صنعت سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور ٹریژری ، کارپوریٹ اور کریڈٹ میں ایک دہائی سے زیادہ کا تجربہ رکھتی ہیں۔ وہ ایچ ایس بی سی کینیڈا کے ساتھ بھی کام کر چکی ہیں اور اے جی پی لمیٹڈ میں شمولیت سے قبل ایچ ایس بی سی، پاکستان مینریجنل کارپوریٹ ہیڈ تھیں۔

وہ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سے بی بی اے (آنرز) اور کینیڈا کی کوئینز یونیورسٹی سے ایم بی اے کی دوسری ڈگری کی حامل ہیں۔

جناب محمود یارہراج

نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

جناب محمود یار ہراج کو پرائیویٹ ایکویٹی ، پرنسپل انویسٹمنٹس اورانویسٹمنٹ بینکنگ میں 19 سال سے زیادہ کا پیشہ ورانہ تجربہ ہے۔ وہ ایک نمایاں پرائیویٹ ایکویٹی فرم ، بالتورو کیپیٹل میں ایک بانی پارٹنر اور انویسٹمنٹ کمیٹی کے ممبر ہیں۔

بالتورو سے قبل ، وہ بینک الفلاح میں پرنسپل انویسٹمنٹ کے سربراہ تھے اور انویسٹمنٹ کمیٹیز اور مختلف پورٹ فولیو کمپنیز کے بورڈ پر نمائندگی کے ساتھ ظہبی گروپ نمایاں کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ جناب محمود یار ہراج امریکا ، برطانیہ اور کینیڈا میں معروف عالمی مالیاتی اداروں اورانویسٹمنٹ بینکس میں کام کر چکے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز نیویارک میں سالومن اسمتھ بارنی (سٹی گروپ) کے سرمایہ کاری بینکنگ ڈویژن میں کیا تھا۔ اس کے بعد وہ سٹی گروپ کے فنانشل اسپانسرز گروپ میں شامل ہونے کے لیے لندن مینمنتقل ہوئے تھے جہاں ان کے کلائنٹس میں نمایاں عالمی پرائیویٹ ایکویٹی فرمز شامل تھیں۔ ان کے دیگر تجربات میں نارتھ امریکامیں جے پی مورگن اور اسکاٹیا کیپیٹل میں اعلیٰ عہدے شامل ہیں جہاں انہوں نے مختلف معروف فارچون 500 کمپنیز اور اسپانسرز کوادغامات اورخریداریوں اور کیپیٹل مارکیٹ فنڈ ریزنگ اور ری اسٹرکچرنگ ٹرانزیکشنزسے متعلق مشاورت فراہم کی۔

جناب محمود یار ہراج نے ییٔل یونیورسٹی سے ایم بی اے اور مکگل یونیورسٹی سے بی اے کیا ہے

جناب محمد کامران مرزا نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر 	جناب محمد کامران مرزمالیاتی منڈیوں کا 14 سال سے زیاد ہ کا تجربہ اپنے ساتھ لائے ہیں جو بنیادی طور پر سیل سائیڈ اور بائی سائیڈ انویسٹمنٹ ایڈوائزری پر مرکوز ہے۔ 2018 میں او بی ایس گروپ میں شمولیت سے قبل ، وہ بطور ایگزیکٹیووائس پریزیڈنٹ اور ہیڈ آف انویسٹمنٹ بینکنگ گروپ جے ایس بینک لمیٹڈ کا حصہ تھے جہاں وہ فارما سیوٹیکلز، مائیکرو فنانس، لاجسٹکس، مالیاتی اور صنعتی شعبوں پر ارتکاز کے ساتھ ادغامات،خریداریوں، فروخت کاریوں، مائیکرو فنانس ڈیٹ اینڈ ایکویٹی مارکیٹ ٹرانزیکشنز پر کاروباری اداروں کو مشاورت فراہم کیا کرتے تھے۔ انہوں نے 2007 میں جے ایس بینک میں ایک اینالسٹ کے طور پر شمولیت اختیار کی اور اپنی کاروباری سوچ اورفعالیت کے ذریعے اعلیٰ کارکردگی پیش کرنے کے لیے فرنچائز کو چلانے کی صلاحیت کی وجہ سے ، وہ بہت ہی کم وقت میں ہیڈ آف انویسٹمنٹ بینکنگ کے عہدے پر فائز ہوگئے۔ جے ایس بینک میں شمولیت سے قبل ، پروجیکٹس مینجمنٹ ایگزیکٹیوکی حیثیت سے ان کی ایک ٹیلی کام کمپنی کے ساتھ ایک مختصر مدتی وابستگی رہی۔ وہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر ہیں اور فی الحال اے جی پی لمیٹڈ ، او بی ایس ہیلتھ کیئر (پرائیوٹ) لمیٹڈ ، ایسپن (Aspin)فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ ، ہوم میڈکس (پرائیوٹ) لمیٹڈ ، او بی ایس اے جی پی (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور OBS گروپ کی دیگر کمپنیوں کے بورڈ ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی لسٹنگ کمیٹی کے ماہرین کے پینل پر بھی رہ چکے ہیں۔ انہوں نے گولڈ میڈل کے ساتھ کامرس میں انڈرگریجویٹ ڈگری حاصل کی ہے اور وہ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ (IoBM)سے ایم بی اے گریجویٹ ہیں۔